شفیق فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

افغان مجاہدین میں اتحاد کے مساعی افغانستان میں روسی حکومت سے برسرِ پیکار مجاہدین کے مختلف گروپوں میں اختلافات بجا طور پر باعثِ تشویش ہوتے ہیں۔ اس سلسلہ میں حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ نے جون کے پہلے ہفتہ میں اتحاد کے مساعی شروع کیں۔ مولانا سمیع الحق مدیر الحق، مولانا قاضی عبدالطیف صاحب کلاچی۔ مولانا سعید الرحمان صاحب راولپنڈی پر مشتمل ایک وفد کو آپ نے اپنے دردمندانہ مکتوب کے ساتھ مجاہدین کے لیڈروں کے پاس بھیجا۔ ان حضرات نے کئی دن تک حضرت کے مکتوب کی روشنی میں پشاور میں مقیم زعماء جہاد سے بات چیت کی جو الحمدللہ کسی حد تک کامیابی سے ہمکنار ہوئی اور اتحاد کی ضرورت کو سب نے محسوس کیا اور کچھ احزاب نے اس سلسلہ میں قدم بھی اٹھایا۔ حضرت مدظلہ کا یہ مکتوب الحق میں دوسری جگہ شریکِ اشاعت ہے۔

ختمِ بخاری شریف و تعطیلات ۳۰ رجب کو دارالعلوم میں ختمِ بخاری شریف کی تقریب ہوئی دارالحدیث اساتذہ و طلبہ اور مہمانوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ حضرت نے آخری حدیث کی تشریح کے بعد سوا گھنٹہ تک خطاب فرمایا۔ یکم شعبان کو سالانہ امتحانات شروع ہوئے جو ۱۰ شعبان تک جاری رہے۔ دورۂ حدیث کے امتحانات وفاق المدارس العربیہ کی نگرانی میں ہوئے۔ ناظر امتحانات مولانا مجاہد خان الحسینی فاضل دیوبند تھے۔ اس کے بعد دارالعلوم کے تعلیمی شعبوں میں سالانہ تعطیل ہوئی جو دس شوال تک جاری رہے گی۔ دیگر شعبے دارالافتاء دفاتر الحق وغیرہ مصروفِ کار رہیں گے۔

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی مصروفیات ۱۹ جون کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے مولانا قاری محمد امین صاحب کی دعوت پر جامعہ عثمانیہ ورکشاپ، راولپنڈی کے جلسہ دستاربندی میں شرکت کی نمازِ جمعہ سے قبل آپ نے نصائح سے بھرپور خطاب فرمایا۔ نمازِ جمعہ پڑھا کر طلبہ کی دستاربندی فرمائی۔ ۲۶ جون کو بعد از نمازِ جمعہ بعض احباب کے اصرار پر آپ پشاور تشریف لے گئے۔ اور بعد از عصر ڈاکٹر ضیاء الاسلام کی دعوت پر یونیورسٹی ٹاؤن کی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا۔ ۲ جولائی کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ لارنس پور وولن ملز میں تعمیر شدہ عالیشان مسجد کا افتتاح فرمایا۔ اور اس موقع پر فضیلتِ مساجد پر عالمانہ خطاب بھی کیا۔ یہ سفر آپ نے جناب حسین داؤد صاحب ایم۔ ڈی اور جناب خواجہ امان اللہ